# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 27 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷؍مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نیا بھارت ملک کی عوام اور خودمختاری کو لاحق کسی بھی خطرے کا سختی سے جواب دیگا۔آپریشن سندور کے ذریعے دیا گیا ہے یہ پیغام۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا بیان

☆ واٹر گرڈ پروجیکٹ کے ذریعے آئندہ پانچ برسوں میں مراٹھواڑہ کے ہر گاؤں کو ملے گا پانی۔ناندیڑ کے جلسۂ عام میں امت شاہ کی یقین دہانی۔

☆ ریاست کے ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کی جانب سے دسویں اور بارہویں جماعتوں کے ضمنی امتحانات کے شیڈیول کا اعلان۔

☆ ممبئی سمیت ریاست کے کئی علاقوں میں موسلادھار بارش سے عام زندگی متاثر۔انتظامیہ الرٹ موڈ پر

اور۔۔۔☆ آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست کے بیشتر مقامات پر بارش ہونے کا امکان۔چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں بارش سے ہونے والے نقصانات کے موقع پر پہنچ کر پنچ نامے کرنے کے ضلع کلکٹر کے احکامات۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے ذریعے یہ پیغام دنیا کو پہنچا ہے کہ نیا بھارت اپنی عوام اور خودمختاری کو لاحق کسی بھی خطرے کا سختی سے جواب دیگا۔وزیر موصوف کل ناندیڑ میں شنکھ ناد نامی جلسۂ عام سے خطاب کر رہے تھے۔اس موقع پر شاہ نے دہشت گردی اور نکسلیت پر مودی حکومت کے سخت موقف کو دہرایا۔شاہ نے یہ بھی کہا کہ مراٹھواڑہ واٹر گرڈ پروجیکٹ کے ذریعے آئندہ پانچ برسوں میں ڈویژن کے ہر گاؤں میں پانی پہنچایا جائے گا۔انہوں نے وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس کی جانب سے خشک سالی سے متاثرہ مراٹھواڑہ خطے میں پانی کی قلت دور کرنے کے لئے کئے گئے کام کی تعریف کی۔امت شاہ نے یہ بھی بتایا کہ کونکن اور کرشنا وادیوں سے بہنے والے پانی کو مراٹھواڑہ کی طرف موڑنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔

***** **** *****

اس موقع پر وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس، رکن پارلمان اشوک چوہان، ایم پی گوپچھڑے، ریاستی وزیر پنکجہ منڈے، بی جے پی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کُڑے اور دیگر معززین موجود تھے۔اپنے خطاب کے دوران وزیر اعلیٰ فڈنویس نے آپریشن سندور کے لیئے مرکزی حکومت اور فوج کا شکریہ ادا کیا۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مہایوتی حکومت مراٹھواڑہ کی ترقی کے لیئے بڑے پیمانے پر کام کر رہی ہے۔مراٹھواڑہ میں خشک سالی کو دور کرنے کی خاطر ایک لاکھ کروڑ روپیوں کی لاگت سے دریاؤں کو جوڑنے کا منصوبہ چل رہا ہے۔اس موقع پر فڈنویس نے وعدہ کیا کہ وہ ناندیڑ کی ترقی کی رفتار کو تیز کریں گے اور وردھا۔ایوت محل۔ناندیڑ ریلوے لائن کے کام کو مکمل کریں گے۔اس جلسے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے رکن پارلمان اشوک چوہان نے اس

یقین کا اظہار کیا کہ بلدیاتی انتخابات میں بی جے پی اتحاد بڑے فرق سے جیتے گا۔اس سے قبل مرکزی وزیر امت شاہ نے مہاراشٹر کے سابق وزیر اعلیٰ وسنت راؤ نائیک کے مجسمے کی نقاب کشائی کی۔ درین اثناء امت شاہ آج ممبئی جائیں گے جہاں وہ مادھو باغ لکشمی نارائن مندر کی 150 ویں سالگرہ کے پروگرام میں شرکت کریں گے۔

***** **** *****

ریاست کے ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ نے جون۔ جولائی 2025 میں منعقد کئے جانے والے دسویں اور بارہویں جماعتوں کے ضمنی انتخابات کے شیڈیول کا اعلان کردیا ہے۔ بارہویں جماعت کا تحریری امتحان 24 جون تا 16 جولائی جبکہ دسویں جماعت کے تحریری امتحانات 24 جون تا 8 جولائی کے دوران ہونگے۔ بورڈ کی ویب سائٹ پر ان امتحانات کا نظام الاوقات دستیاب کرایا گیا ہے۔اسی دوران ریاست میں تعلیمی سال 26-2025 کے لیئے آن لائن داخلوں کا عمل کل سے شروع کردیا گیا ہے۔داخلے کی آخری تاریخ 3 جون ہے۔داخلے کی حتمی فہرست آئندہ 8 جون کو شائع کیا جائے گا۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کی مختلف فیکلٹیز کے 112 کورسیز کے امتحانات آج شروع ہورہے ہیں۔ یہ امتحانات ریاست بھر کے 580 امتحانی مراکز پر منعقد کئے جارہے ہیں۔ان امتحانات میں 4 لاکھ 25 ہزار 208 طلباء شرکت کررہے ہیں۔ان میں 121 بزرگ شہری اور ریاست کی مختلف جیلوں میں قید 3 ہزار 116 قیدی بھی شامل ہے۔

***** **** *****

اہلیہ نگر ضلع کے رابطہ وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ آشاڑی واری کے لئے ضلع سے گذرنے والی دنڈیوں میں شرکت کرنے والے وارکریوں کو تکلیف سے بچانے کے لیئے انتظامات کریں۔ وزیر موصوف کل آشاڑی واری کی منصوبہ بندی میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔ضلع سے گذرنے والی 260 دنڈیوں کے مسائل کو حل کرنے کے لیئے انتظامی افسران اور ملازمین کو رابطہ افسران کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔میٹنگ میں وکھے پاٹل نے یقین دلایا کہ ہر دنڈی کے لئے کافی ادویات دستیاب کرائی جائے گی۔

***** **** *****

ریاست میں موسمی بارش مانسون نے اس بار گذشتہ 107 برسوں کا وقت سے پہلے داخل ہونے کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ممبئی، تھانے، نئی ممبئی میں کل موسلہ دھار بارش سے عام زندگی متاثر ہوئی۔ممبئی کے نشیبی علاقوں اور ریلوے پٹریوں پر پانی بھر گیا تھا۔ہوائی جہازوں کی اڑانیں بھی دیر سے ہورہی تھیں۔ممبئی اور اطراف کی 96 مخدوش عمارتوں کے 3 ہزار سے زائد مکینوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ممبئی میں پرسوں رات سے کل شام تک 135.4 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔اسی طرح پونے، ستارہ، شولاپور اور رائے گڑھ میں بھی موسلا دھار بارش ہوئی۔ دونڈ میں 117mm، بارامتی 104.75 ملی میٹر، اندا پور میں 67.75 ملی میٹر بارش ہوئی۔ضلع کے مالشیرس تعلقے میں 6 افراد سیلاب میں گھرے تھے جنہیں محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا۔رائے گڑھ میں بجلی گرنے سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس نے بارشوں کی صورت حال کا جائزہ لے کر انتظامیہ کو الرٹ موڈ پر رہنے کی ہدایت دی۔ ساتھ ساتھ نقصان سے متاثرہ علاقوں میں فوری پنچ نامے کرنے کے بھی احکامات دیئے گئے ہیں۔ اسی بیچ نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے اطلاع دی ہے کہ ممبئی اور اطراف میں رہنے والے بارش کے متاثرین کی مدد کے لیئے انتظامیہ مکمل طور پر تیار ہے۔ دوسری جانب بارامتی میں گزشتہ دو دنوں سے ہو رہی شدید بارش کے دوران کل نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے بارامتی کے نمبوڑی، شیٹ پھلگڑے، مدن واڑی میں نقصان زدہ علاقوں کا دورہ کیا اور پنچ نامے کرنے کی ہدایت دی۔

***** **** *****

مراٹھواڑہ کے کئی علاقوں میں کل بارش ہوئی۔ چھتر پتی سمبھا جی نگر شہر میں کل ہلکی بارش ہوئی جبکہ ضلع کے گنگا پور، پھلمبری اور بڈ کن میں موسلا دھار برسات ہوئی۔ وہیں دھاراشیو ضلع کے کئی مقامات پر شدید بارش کے سبب نہریں اور ندیاں بہنے لگیں۔ لاتور ضلع کے احمد پور تعلقے کے گوٹالا گاؤں میں بجلی گرنے سے دو لوگوں کی موت ہوئی اور 6 شدید زخمی ہو گئے۔ وہیں پربھنی ضلع کے کا تنیشور میں تیز ہواؤں کے ساتھ ہوئی بارش کے سبب کئی مقامات پر درخت اکھڑ گئے اور زیرو پھاٹہ پورنا راستہ کچھ دیر کے لیئے بند ہو گیا۔

***** **** *****

محکمہء موسمیات نے آئندہ دو دنوں کے دوران کونکن کے بیشتر مقامات، وسطی مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور ودربھ کے کئی علاقوں میں بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ پربھنی ضلع کے لیئے آئندہ 29 تاریخ تک yellow Alert جاری کیا گیا ہے۔ اس پس منظر میں ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے کسانوں سے اپیل کی ہیکہ وہ اپنی پیداوار اور مویشیوں کو محفوظ مقام پر رکھیں۔ وہیں چھتر پتی سمبھا جی نگر ضلع کے کلکٹر دلیپ سوامی نے انتظمیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ گذشتہ ہفتے ہوئی غیر موسمی بارش سے ہونے والے نقصانات کا موقع پر پہنچ کر معائنہ کریں اور پنچ نامے کریں۔ اس سلسلے میں انہوں نے تمام سب ڈویزنل افسران، تحصیلداروں اور Block Development افسران سے Video Conferencing کے ذریعے بات چیت کی۔ بتایا جاتا ہے کہ رواں مہینے کی بارش سے ضلع میں 5 افراد اور 66 جانور ہلاک ہو گئے۔

***** **** *****

جالنہ شہر کے موتی تالاب میں کل دو بھائی ڈوب کر ہلاک ہوئے۔ جنید آصف سید اور عیان آصف سیدان کے نام ہیں۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ تیرنے کے لیے تالاب میں اترے یہ دونوں بھائی پانی کی گہرائی کا اندازہ نہ لگا سکے اور ڈوب گئے۔

***** **** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ نیا بھارت ملک کی عوام اور خود مختاری کو لاحق کسی بھی خطرے کا سختی سے جواب دیگا۔ آپریشن سندور کے ذریعے دیا گیا ہے یہ پیغام۔ مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ کا بیان

☆ واٹر گریڈ پروجیکٹ کے ذریعے آئندہ پانچ برسوں میں مراٹھواڑہ کے ہر گاؤں کو ملے گا پانی۔ ناندیڑ کے جلسۂ عام میں امت شاہ کی یقین دہانی۔

☆ ریاست کے ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کی جانب سے دسویں اور بارہویں جماعتوں کے ضمنی امتحانات کے شیڈیول کا اعلان۔

☆ ممبئی سمیت ریاست کے کئی علاقوں میں موسلا دھار بارش سے عام زندگی متاثر۔ انتظامیہ الرٹ موڈ پر

اور۔۔۔☆ آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست کے بیشتر مقامات پر بارش ہونے کا امکان۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں بارش سے ہونے والے نقصانات کے موقع پر پہنچ کر پنچ نامے کرنے کے ضلع کلکٹر کے احکامات۔

**** **** ****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

**** **** ****